# دعاوداع رمضان

شیخ کلینیؒ نے کتاب کافی میں ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ جنہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے وداع رمضان المبارک کے لیے یہ دعا نقل کی ہے:

**اَللّٰھُمَّ إِنَّکَ قُلْتَ فِی کِتابِکَ الْمُنْزَلِ شَھْرُ رَمَضانَ الَّذِی أُنْزِلَ فِیهِ الْقُرْآنُ وَھذَا شَھْرُ رَمَضانَ**

اے معبود! بے شک تو نے اپنی بھیجی ہوئی کتاب میں فرمایا ہے کہ رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل ہوا اور یہ ماہ رمضان

**وَقَدْ تَصَرَّمَ فَأَسْأَلُکَ بِوَجْھِکَ الْکَرِیمِ وَکَلِماتِکَ التَّامَّةِ إِنْ کانَ بَقِیَ عَلَیَّ ذَنْبٌ لَمْ تَغْفِرْهُ**

ہی ہے جو یقیناً گزر گیا ہے تو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری ذات کریم اور تیرے کامل کلمات کے واسطے سے اگر میرا کوئی گناہ رہ گیا ہے جو تو نے نہیں

**لِی أَوْ تُرِیدُ أَنْ تُعَذِّبَنِی عَلَیْهِ أَوْ تُقایِسَنِی بِهِ أَنْ لا یَطْلُعَ فَجْرُ ھذِهِ اللَّیْلَةِ أَوْ یَتَصَرَّمَ ھذَا الشَّھْرُ**

بخشا یا تو نے مجھے اس پر عذاب دینا ہے یا مجھ پر سختی کرنا چاہتا ہے تو بھی اس رات کی صبح ہونے یا اس ماہ مبارک کے ختم ہونے سے پہلے میرا وہ گناہ

**إِلَّا وَقَدْ غَفَرْتَهُ لِی یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ بِمَحامِدِکَ کُلِّها أَوَّلِها وَآخِرِها مَا**

معاف کردے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے معبود! تیرے لیے حمد ہے ان تمام تعریفوں کے اول وآخر کے ساتھ جو تو نے اپنے

**قُلْتَ لِنَفْسِکَ مِنْها وَمَا قالَ الْخَلائِقُ الْحامِدُونَ الْمُجْتَھِدُونَ الْمَعْدُودُونَ الْمُوَقِّرُونَ ذِکْرَکَ**

لیے بیان کیں ہیں اور جو تیرے بندوں میں سے حمد کرنے والوں عبادت کرنے والوں نے شمار کی ہیں جو تیرا بہت زیادہ

**وَالشُّکْرَ لَکَ الَّذِینَ أَعَنْتَھُمْ عَلَی أَداءِ حَقِّکَ مِنْ أَصْنافِ خَلْقِکَ مِنَ الْمَلائِکَةِ الْمُقَرَّبِینَ**

ذکر اور شکر کرتے ہیں یہ وہ لوگ ہے j تو نے مدد کی تاکہ وہ تیرا حق ادا کریں وہ تیرے بندوں کے مختلف طبقوں یعنی وہ تیرے مقرب فرشتوں نبیوں اور

**وَالنَّبِیِّینَ وَالْمُرْسَلِینَ وَأَصْنافِ النَّاطِقِینَ وَالْمُسَبِّحِینَ لَکَ مِنْ جَمِیعِ الْعالَمِینَ عَلَی أَنَّکَ**

رسولوں میں سے ہیں اور ذکر کرنے والوں اور تیری تسبیح کرنے والوں میں سے ہیں جو سارے جہانوں میں موجود ہیں یہ شکر اس لیے ہے

**بَلَّغْتَنا شَھْرَ رَمَضانَ وَعَلَیْنا مِنْ نِعَمِکَ وَعِنْدَنا مِنْ قِسَمِکَ وَإِحْسانِکَ وَتَظاھُرِ امْتِنانِکَ**

کہ تو نے ہم کو ماہ رمضان پہنچایا جو ہم پر تیری نعمت ہے یہ تیری طرف سے ہمارا حصہ تیری عنایت اور بہت بڑا احسان ہے

**فَبِذلِکَ لَکَ مُنْتَھَیٰ الْحَمْدِ الْخالِدِ الدَّایِمِ الرَّاکِدِ الْمُخَلَّدِ السَّرْمَدِ الَّذِی لا یَنْفَدُ طُولَ الْأَبَدِ**

پس اس وجہ سے تیرے لیے حمد ہے تمام تر ہمیشہ ہمیشہ کبھی ختم نہ ہونے والی لگا تار کہ جو زمانے کے طول میں سدا جاری رہے تو بڑی تعریف والا ہے

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

جَلَّ ثَناؤُکَ أَعَنْتَنا عَلَيْهِ حَتَّى قَضَيْتَ عَنَّا صِيامَهُ وَقِيامَهُ مِنْ صَلاةٍ وَمَا كانَ مِنَّا فِيهِ مِنْ بِرٍّ أَوْ

کہ تو نے ہماری مدد کی تو ہم نے اس مہینے کے روزے رکھے اور واجبی وسنتی نمازیں ادا کیں اور ہم نے اس ماہ میں نیک عمل انجام

شُكْرٍ أَوْ ذِكْرٍ اَللّٰهُمَّ فَتَقَبَّلْهُ مِنَّا بِأَحْسَنِ قَبُولِکَ وَتَجاوُزِکَ وَعَفْوِکَ وَصَفْحِکَ وَغُفْرانِکَ

دیئےاور شکر اور ذکر کیا اے معبود! ہمارے روزے اور عبادتیں بہترین انداز سے قبول فرما ہم سے در گذر کر معاف فرما چشم پوشی کر

وَحَقِيقَةِ رِضْوانِکَ حَتَّى تُظَفِّرَنا فِيهِ بِكُلِّ خَيْرٍ مَطْلُوبٍ وَجَزِيلِ عَطاءٍ مَوْهُوبٍ وَتُوَقِّيَنا فِيهِ

بخشش عطا کر اور ہمیں اپنی خوشنودی سے نواز تا کہ اس مہینے میں ہم نیک عمل انجام دیں اور ہر بڑی عطا حاصل کر لے تو ہمیں

مِنْ كُلِّ مَرْهُوبٍ أَوْبَلاءٍ مَجْلُوبٍ أَوْ ذَنْبٍ مَكْسُوبٍ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُکَ بِعَظِيمِ مَا سَأَلَکَ

ہر خوفناک مقام سخت ترین مصیبت اور ہر جرم وگناہ سے بچائے رکھ اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس عظیم چیز کے واسطے سے جس کے ذریعے

بِهِ أَحَدٌ مِنْ خَلْقِکَ مِنْ كَرِيمِ أَسْمائِکَ وَجَمِيلِ ثَنائِکَ وَخاصَّةِ دُعائِکَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى

تیری مخلوق میں سے کسی نے سوال کیا ہو تیرے بہترین ناموں تیری بہترین ثناء اور تیرے حضور خاص دعا کے واسطے سے کہ تو محمدؐ وا آ محمدؐ

مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَجْعَلَ شَهْرَنا هٰذَا أَعْظَمَ شَهْرِ رَمَضانَ مَرَّ عَلَيْنا مُنْذُ أَنْزَلْتَنا إِلَى الدُّنْيا

پر رحمت نازل فرما اور ہمارے اس ماہ رمضان کو عظیم بنا ہر رمضان سے جو ہم نے دنیا میں ا نے کے بعد گزارا ہے لہٰذا

بَرَكَةً فِي عِصْمَةِ دِينِي وَخَلاصِ نَفْسِي وَقَضاءِ حَوائِجِي وَتُشَفِّعَنِي فِي مَسائِلِي وَتَمامِ النِّعْمَةِ

میرے دین میں زیادہ برکت دے مجھے عذاب سے نجات دے میری حا D پوری فرما میرے معاملوں میں شفاعت قبول کر مجھے زیادہ نعمتیں دے

عَلَيَّ وَصَرْفِ السُّوءِ عَنِّي وَلِباسِ الْعافِيَةِ لِي فِيهِ وَأَنْ تَجْعَلَنِي بِرَحْمَتِکَ مِمَّنْ خِرْتَ لَهُ لَيْلَةَ

ہر برائی کو مجھ سے دور رکھ اور مجھے اس سے بچنے کا سامان عطا فرما مجھے اپنی اس رحمت میں خاص کر جس کیلئے تو نے شب قدر کو

الْقَدْرِ وَجَعَلْتَها لَهُ خَيْراً مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ فِي أَعْظَمِ الْاَجْرِ وَكَرائِمِ الذُّخْرِ وَحُسْنِ الشُّكْرِ وَطُولِ

پسند کیا اور اس کو ہزار مہینوں سے بہتر قرار دیا کہ اس میں اجر زیادہ ہے نیکیاں جمع ہوتی ہیں شکر بہترین قرار پاتا ہے عمر میں اضافہ ہوتا ہے

الْعُمْرِ وَدَوامِ الْيُسْرِ. اَللّٰهُمَّ وَأَسْأَلُکَ بِرَحْمَتِکَ وَطَوْلِکَ وَعَفْوِکَ وَنَعْمائِکَ وَجَلالِکَ

اور ہمیشہ کی خوشحالی ملتی ہے اور اے معبودتیری رحمت تیری بخشش تیری پردہ پوشی تیری نعمات تیرے رعب وجلال

وَقَدِيمِ إِحْسانِکَ وَامْتِنانِکَ أَنْ لاَ تَجْعَلَهُ آخِرَ الْعَهْدِ مِنَّا لِشَهْرِ رَمَضانَ حَتَّى تُبَلِّغَناهُ مِنْ قابِلٍ

اور تیرے قدیمی احسان اور عطا کے واسطے سے سوالی ہوں کہ ماہ رمضان کو ہمارے لیے ا خری رمضان قرار نہ دے یہاں تک کہ تو ہمیں ا یندہ

عَلَى أَحْسَنِ حالٍ وَتُعَرِّفَنِي هِلالَهُ مَعَ النَّاظِرِينَ إِلَيْهِ وَالْمُعْتَرِفِينَ لَهُ فِي أَعْفىٰ عافِيَتِکَ وَأَنْعَمِ

رمضان بہترین حال میں دکھائے نیز مجھے دوسروں کے ہمراہ ا ئندہ رمضان کا چاند دیکھنے کا موقع دے جو اسے تیری طرف سے بہترین عافیت والا

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

نِعْمَتِکَ وَأَوْسَعِ رَحْمَتِکَ وَأَجْزَلِ قِسَمِکَ یَا رَبِّیَ الَّذِی لَیْسَ لِی رَبٌّ غَیْرُهُ لایَکُونُ هذَا

نعمتیں دلانے والا تیری رحمت میں وسعت کا باعث اور تیری طرف سے زیادہ ملنے کا ذریعہ سمجھتے ہیں اے میرے وہ رب کہ جسکے سوا میرا کوئی پروردگار نہیں

الْوَداعُ مِنِّی لَهُ وَداعَ فَناءٍ وَلاَ آخِرَ الْعَهْدِ مِنِّی لِلِقاءٍ حَتّی تُرِیَنِیهِ مِنْ قابِلٍ فِی أَوْسَعِ النِّعَمِ وَ

میرا یہ وداع رمضان سے آخری وداع نہ ہو اور نہ یہ میرے لیے آخری رمضان ہو یہاں تک کہ تو مجھے آئندہ رمضان دکھائے جس میں وسیع نعمتیں اور

أَفْضَلِ الرَّجاءِ وَأَنَا لَکَ عَلَی أَحْسَنِ الْوَفاءِ إِنَّکَ سَمِیعُ الدُّعاءِ. اَللّٰهُمَّ اسْمَعْ دُعائِی وَارْحَمْ

بہترین امیدیں ہوں اور میں اس میں تیرا بہترین وفادار بنوں بے شک تو دعا کا سننے والا ہے اے معبود! میری دعا سن لے اور میری زاری وخواری پر رحم فرما

تَضَرُّعِی وَتَذَلُّلِی لَکَ وَاسْتِکانَتِی وَتَوَکُّلِی عَلَیْکَ وَأَنَا لَکَ مُسَلِّمٌ لاَ أَرْجُو نَجاحاً وَلاَ مُعافاةً

اور میری مسکینی پر رحم کر اور اس پر کہ میں تیرا سہارا لیتا ہوں میں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں میں کامیابی کی امید پردہ پوشی کی خواہش عزت کی

وَلاَ تَشْرِیفاً وَلاَ تَبْلِیغاً إِلَّا بِکَ وَمِنْکَ وَامْنُنْ عَلَیَّ جَلَّ ثَناؤُکَ وَتَقَدَّسَتْ أَسْماؤُکَ بِتَبْلِیغِی

تمنا اور مقام بلند کی آرزو نہیں کرتا مگر تجھ سے اور تیری طرف سے لہٰذا مجھ پر احسان کر کہ تیری تعریف روشن اور تیرے نام پاکیزہ ہیں

شَهْرَ رَمَضانَ وَأَنَا مُعافیً مِنْ کُلِّ مَکْرُوهٍ وَمَحْذُورٍ وَمِنْ جَمِیعِ الْبَوائِقِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی أَعانَنا

مجھے آئندہ رمضان کا دیکھنا نصیب کر جب میں ہر بدی سے محفوظ اور اس سے پناہ یافتہ اور تمام غلط کاموں سے دور ہوں حمد ہے خدا کیلئے جس نے ہمیں

عَلَی صِیامِ هذَا الشَّهْرِ وَقِیامِهِ حَتَّی بَلَّغَنِی آخِرَ لَیْلَةٍ مِنْهُ.

ماہ رمضان میں روزے اور نماز کی ہمت وتوفیق دی میں اس کی آخری رات دیکھ رہا ہوں۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com